Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

20 اگست 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

برائن ہیتھ کراچی میں نئے امریکی قونصل جنرل تعینات

کراچی۔ برائن ہیتھ نے کراچی میں نئے امریکی قونصل جنرل کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ کراچی میں تعیناتی سے پہلے وہ اقوام متحدہ کیلیے امریکی مشن میں انتظامی امور کے منتظم کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے تھے۔ 2003 سے 2004 تک برائن ہیتھ کراچی کے امریکی قونصل خانے میں ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔

1998 میں امریکی محکمہ خارجہ سے منسلک ہونے کے بعد برائن ہیتھ نے مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیں۔ انھوں نے عراق میں ڈائریکٹر برائے علاقائی دفتر اور جرمنی میں امریکی سفارت خانے کے افسر برائے جنرل سروسز اور ہیومن ریسورسز کی حیثیت سے کام کیا۔ وہ ممبئی کے امریکی قونصل خانے میں بحیثیت قونصلر افسر کام کر چکے ہیں جبکہ لاہور میں قونصل جنرل اور کراچی میں انتظامی امور کے سربراہ بھی رہ چکے ہیں۔ برائن ہیتھ انتظامی پالیسی کیلیے انڈر سیکریٹری آف اسٹیٹ اور انتظامی امور کیلیے اسسٹنٹ سیکریٹری آف اسٹیٹ کے دفاتر سے بھی وابستہ رہے۔ انھیں محکمہ خارجہ کی جانب سے اعلی کارکردگی پر کئی اعزازات بھی دیے گئے۔

برائن ہیتھ نے فورڈہم یونیورسٹی سے سیاسی معاشیات اور رٹگرز یونیورسٹی سے قانون میں بیچلرز جبکہ نیشنل وار کالج سے قومی سلامتی کے شعبے میں ماسٹرز کی ڈگریاں حاصل کیں۔ وہ نیوجرسی اور نیویارک بار کے رکن بھی ہیں۔

####